14/02/2025

12.30 pM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اشفاق امین سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور امریکہ نے سال 2030 تک دوطرفہ تجارت کو دوگنا کر کے 5 سو ارب ڈالر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

میں وہائٹ DC آج واشنگٹن
ہاو

س میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مودی ن
نے کہا کہ بھارت اور امریکہ اسٹریٹجک شراکت داری کو آگے بڑھاتے رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان باہمی اشتراک و تعاون ایک بہتر دنیا تشکیل دے سکتا ہے۔

نتن گڈکری

مرکزی حکومت نے جموں وکشمیر میں گزشتہ پانچ برس میں ترقی اور قومی شاہراہوں کے رکھ
رکھاو

پر 29 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم خرچ کی ہے ، جس کی بدولت یہاں ایک ہزار کلومیٹر سے زیادہ سڑکیں تعمیر ن
کی گئی ہیں۔

آکاشوانی کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ایک سوال کے جواب میں سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے پارلیمنٹ کو اس بارے میں مطلع کیا۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ سرکار پنشن یافتہ گان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے مناسب اقدام کر رہی ہے ۔ نئی دلی میں بارہویں آل انڈیا پنشن عدالت کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے پنشن یافتہ گان کے مسائل و مطالبات کی سماعت کی ۔

وزیر موصوف نے ان کی شکایات کی چارہ جوئی کے لئے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ۔

شب برات

وادی میں شب برات کی مقدس تقریب عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی ۔ اس سلسلے میں فرزندان توحید نے شب بیدار رہ کر اللہ کے حضور میں توبہ و استغفار کیا ۔

وادی میں شب برات کی سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہوئی جہاں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد نے روح پرور مجالس میں شرکت کی ۔ اس موقعہ پر مساجد اور بقہ جات نیز اہم زیارت گاہوں اور خانقاہوں میں درود و ازکار کی
صداو

---

ں سے فضا گونج رہی تھی ۔ۓ

اضلاع

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں ضلع کیپیکس بجٹ 2024-25 کے تحت اب تک کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے دستیاب وسائل کا منصفانہ استعمال کرنے کی تاکید کی ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے ضلع کے ریشی پورہ مین زیر تعمیر 125 بستروں والے ضلع اسپتال اور سو بستروں والے کریٹکل کئیر یونٹ کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے دونوں پروجیکٹوں پر کام کی رفتار بڑھانے کی ہدایت دی ۔

معائینہ

فوڈ سیفٹی اور ڈرگ اینڈ فوڈ کنٹرول آرگنائزیشن کی ٹیموں نے شہر سرینگر کے بٹہ مالو ، ٹینگ پورہ ، مومن آباد اور دیگر ملحقہ علاقوں میں ایک مہم کے دوران غذائی سلامتی سے متعلق معیارات کا جائزہ لیا ۔

ٹیم کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر فوڈ سیفٹی سرینگر یامین النبی نے کی ۔ مہم کے دوران کھانے پینے کی جن چیزوں کو ناقص پایا گیا انہیں موقعہ پر ہی ضائع کر دیا گیا ۔

پولیس

*.... ضلع انتظامیہ سرینگر کی جانب سے فوجداری کے نئے قوانین کے بارے میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ امتیاز حسین SSP گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن سرینگر میں یہ پروگرام ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ اور میر کی موجودگی میں منعقد کیا گیا ۔

*.... جموں کشمیر پولیس کی طرف سے ہندواڑہ اور کپوارہ میں فوجداری کے نئے قوانین سے متعلق جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔ کپواڑہ میں منعقدہ پروگرام کی صدارت ڈپٹی ایس پی گولڈی شرما جبکہ ہندواڑہ میں پروگرام کی صدارت حامد علی نے کی ۔ SDPO

*.... اسی دوران پولیس کی رابطہ کاری مہم کے تحت سرینگر ، بڈگام ، ہندواڑہ اور کپواڑہ میں تھانہ دِوس کے پروگرام منعقد کئے گئے ۔ اس موقعہ پر عوامی نوعیت کے کئی معاملات ابھارے گئے ۔

قومی کھیل

دہرا دون میں 38 ویں قومی کھیل آج اختتام پذیر ہو رہے ہیں ۔ ان کھیلوں میں جموں کشمیر کے کھلاڑیوں نے بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر کے میڈل جیت لئے ۔

ان میں خاص طور پر سوریہ بانو پرتاپ سنگھ ، محمد کامران ، اَیرا چستی ، مسکان رانا ، وحید صوفیان اور دیگر کھلاڑی قابل ذکر ہیں ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بہترین کارکردگی دکھانے والے سبھی کھلاڑیونکو مبارک باد پیش کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ